اہم فنی اصطلاحات کی توضیح بھی کردی گئی ہے۔ یہ مجموعہ نہ صرف جماعت اسلامی کی تربیت گاہوں میں بطور نصاب کام دے سکتا ہے، بلکہ مسلمان نوجوانوں کے لیے بہت ہی مفید ہے۔

نصاب حدیث | مرتبہ: مولانا معین الدین صاحب۔ شائع کردہ: جماعت اسلامی، ملتان۔ قیمت ۳ر

یہ بھی احادیث کا ایک مختصر مترجم مجموعہ ہے اور اسی مقصد کو پورا کرتا ہے جو اوپر کے مجموعے میں کارفرما ہے۔ یہ نسبتہً زیادہ مختصر ہے۔

JAMA'AT-E-ISLAMI. | مرتبہ: چوہدری علی احمد خاں۔ شائع کردہ: مکتبۂ جماعت اسلامی، ۲۰۵ نواب پور روڈ ڈھاکہ۔ قیمت ۲ر

انگریزی زبان کا یہ پمفلٹ جماعت اسلامی کا مختصر مگر جامع تعارف نامہ ہے۔ جماعت کی دعوت، طریق کار، لٹریچر، شعبۂ خدمت خلق، ہیئت انتظامی، مالیات، شعبۂ تربیت، شعبۂ خواتین، منشور اور اس کی تاریخ کو چند صفحات میں پیش کر دیا گیا ہے۔ جو لوگ جماعت کو براہ راست سمجھ کر رائے قائم کرنا چاہیں ان کے لیے یہ بہت مفید چیز ہوگی۔

(بقیہ اشارات)

جھنجھٹوں اور ان کے سازشی جوڑ توڑ سے نجات مل سکتی ہے۔ یہ انتخابات چونکہ ملک کے مستقبل کے لیے بڑی اہمیت کے حامل ہونگے لہٰذا ہر نظریہ اور ہر مکتب خیال اپنا آخری زور صرف کر دے گا اور اس کھلی مسابقت میں انشاء اللہ اسلامی نظریہ ایک مضبوط طاقت ثابت ہوگا۔ قوم جن لوگوں کے اندر اسلام سے گریز کے رجحانات کا تجربہ کر چکی ہے اُن سے نجات پانے اور زیادہ مخلص اور قابل اعتماد لوگوں کو آگے لانے کا یہ ایک بہترین موقع ہوگا۔ پھر جو عوام کی منتخب کردہ نئی دستوریہ کام کرنے بیٹھے گی وہ کبھی بھی رائے عام سے بے نیاز ہو کر کام کرنے کی جسارت نہیں کریگی۔ پس کوئی وجہ نہیں کہ وہ کوئی غیر اسلامی دستور ملک کے اوپر ٹھونسنے کے منصوبے پیش نظر رکھے۔ وہ نہ صرف پچھلے مسودے کے متفق علیہ اسلامی اجزا کو قبول کرے گی بلکہ ان میں جو کوتاہیاں چھوڑی گئی ہیں ان کو بھی پورا کرے گی۔ ضرورت اس کی ہے کہ دستور سازی کا سارا کام رائے عام کے زیر اثر ہو۔